قیمت فی جلد ۱ر

سرِ مطلع لکہا ہی وصف وی شیرِ یزدانکا
ہوا ہی مطلعِ انوار مطلع میری دیوانکا

خدا جسکا ثنا خوان ہو محمد ہی معرف ہو
بیان کیونکر ہو رتبہ اوس ولی کی شانِ ذیشانکا

حضیض آسا نظر آئی فلک انکہو نسی گر جا ہی
اگر آثار دیکہی عقلِ اول اوسکی ایوان کا

الٰہی کیا مجال اوسکی کوئی کسمین تاب و طاقت ہی
کبہی نقشہ کہنچا ہی کسی نقاش سی جانکا

ملایک کی تصور اوسکی عرشِ اعظم ہی
یہ ادنی رتبہ اعلی ہی اوسکی شوکت شانکا

وہ ایسا عالم و فاضل ہی اور ایسا معلم ہی
کہ ہی روح القدس ہی طفل کہ اوسکی دبستانکا

یہ ادنی طاقتِ اعلی کا اوسکی کیا لکہوں عالم
کہ جسکی شان مین مصداق ہو وہی شیرِ یزدانکا

ہو وہی جس سی ظاہر وہ کیونکر دو نو عالم مین
کہ جسکا اسمِ اعظم نام ہی ہمنام سبحان کا

جو تسلیم ابن فرمان مشیت اور پہر کیا ہی
فقط مخلوق پر فرمان تہا جاری سلیمانکا

اوسیکا امر و نہی سدا الکنز کنج ہر قدسی
یہ ادنی معجزہ ہی میری اوس عیسی دورانکا

دو ہی ہاتہون سی گیا ہو ہاتہہ سی صبر و قرار
مین الفت مین پہلی داؤ کہیلا ہار کا

بہون کہایا مرغ دل کو تیغ ہجر یار نی
اندنون سیکہا چلن کیا مرغ آتشخوار کا

زندگی ہی تلخ اک شیرین دہن کی ہجر مین
لطف کہلاتا ہی شربت ہمکو سم الفار کا

آگئی اُس سبحہ و تسبیح کو زاہد سلام
عاشق شیدا مسلسل ہی اوسی زنار کا

اسقدر موہوم و کاہیدہ کیا آلام نی
نقش ہستی پر گمان ہی سایۂ دیوار کا

رخنہ ہوویگا نہ یون کہڑکی مین بیٹہو بیدہڑک
واسطہ دیتا ہون تمکو جان جان ستار کا

عین مخموری مین ساقی نی جو دیکہا آئینہ
مست حیرانی سی منہ تکنی لگا سرشار کا

بادۂ وحدت سی ہر اک مست ہی محراب مین
مجہکو مسجد بہی دہوکا خانۂ خمار کا

نیر اعظم ہی لرزان ناتوانی دیکہہ کر
ضعف ہی اللہ اکبر ایسا جسم زار کا

تیرا گہر نام خدا ہی بت پرستنگاہ ہی
ہی مسلمانون کو کعبہ ہندوونکو دوارکا

وہ پری سوتی ہی جاکر پہلوی اغیار مین
بخت خفتہ ہی ہماری طالع بیدار کا

لشکر درد و الم کا فرقتی سالار ہون
حضرت دل نام ہی میری علمبردار کا

۴

پہر ہو چلا ہی نشہ مئی خوشگوار کا
پہر جوشش جنون ہی مزا ہی بہار کا

سر پر ہو خون ایک کا سو کا ہزار کا
سفاک کچہہ بہی خوف ہی روز شمار کا

ساقی تری شراب کی ہم بہی ہین دردنوش
ڈٹ کر پلادی جام مئی خوشگوار کا

ہندونکی دل چمن کی روش باغ باغ ہین
ہوتا ہی یان گذر جو کسی میگسار کا

شاید مقابلہ تری مانون سی ہی کیا
چہید اگیا جگر جو در شاہوار کا

خمخانی خالی ہو گئی پیمانی بہر گئی
لائی صبا چمن مین جو مژدہ بہار کا

زاہد بہی گرد پہرتی ہین دولہہ بنی ہوی
ڈالا ہی دخت رز نی جو آنچل بہار کا

بہولی ہی دل جو اونکی طرف کو نکل گیا
زلفون نی ایک شور کیا مار مار کا

آتا ہی آج باغ مین شاید وہ گلعذار
بلبل جو گا رہی ہی ترانہ بہار کا

معدوم کردیا جہی امید وصل نی
اللہ میری ہو وی برا انتظار کا

گر زندگی مین نام ہو پیدا تو خوب ہی
کیا اعتبار اس فلک بیمدار کا

مژگان یار لیس ہین ظلم و ستم پہ آج
نیر نظر سی مقصد ہی دل کی شکار کا

رند و جنون کی جوش مین زاہد کی ساتہ مین
توڑینگی سبحہ آئی تو موسم بہار کا

کیسا چمٹکی خواب مین سویا ہین زار زار
مدت مین دیکہہ پایا جو رخ گلعذار کا

کیونکر گل کلام ہو رشک بوستان
بلبل ہون منتقی شہ دلدار سوا کا

قتل ہونا ہمکو تہا آگہہ سامان ہو گیا
یار کا ہر موی مژہ ہر ایک پیکان ہو گیا

بہر تشبیہ پیکان دلربا ہی عرش سی
طائر مضمون ہمارا مرغ پران ہو گیا

وصل کی شب رات سی کہدی موذن نی اذان
گل نہ کہلنی پایا تہا جو داغ ہجران ہو گیا

زندگی رو رو کی کٹتی صبح کہا کر آی وہ
دیدہ گریان ہمارا آب حیوان ہو گیا

ابرو نکی زیب زینت کی ہی اونکی دہوم دہام
خوش ہوا مین قتل کا جو میری سامان ہو گیا

کاٹ کر سر از سر نو جان تازہ دی اوسی
شمع سر گلگیر کا کیسا یہ احسان ہو گیا

عین گریہ مین جو عاشق کی سر وہی جل گئی
خوش ہوا ایسا دہان زخم خندان ہو گیا

وہ پری گلگشت کو آئی جو اٹہلاتی ہوئی
تختہ صحن چمن تخت سلیمان ہو گیا

ڈوبنی چل کر کنوین مین چاہ دل کہو ہی ہی
جیسی یہ دل عاشق چاہ زنخدان ہو گیا

اوسکی یکسب کا سبق اجزۂ فرقتی شام و بگاہ
عقل و دل جسکا اک طفل دبستان ہو گیا

۵

بہار آئی خزاں دمین باغبان ہو گا
روش بنیگی کدہر کو چمن کہان نہ ہو گا

ہماری نالونکا جس روز امتحان ہو گا
نہ یہہ زمین کہین ہو گی نہ آسمان ہو گا

چمن مین تیری نزاکت کا جب بیان ہو گا
قفس ہمارے مین بلبل کو آشیان ہو گا

روان جو عشق مین وحشت کا کاروان ہو گا
نوا کی اگی دل زار ساربان ہو گا

ہماری نالون کی آگی یہہ آسمان ہو گا
رہیگا عالم ایجاد لامکان ہو گا

الہی کونسا دن ہو گا کیا گہڑی ہو گی
شب وصال مین فرقت کا جب بیان ہو گا

صدای آہ مری سنکی اپنی کوچہ مین
یہہ کہتی ہین کہ مری زار و ناتوان ہو گا

نہ اپنی حسن پہ اسد عبث پہول ای گلرو
یہہ حسن عارضی دو روز مین خزان ہو گا

قفس کو لیجاو صیاد دو گہڑی کی لئی
بہار آئی ہی جوبن پہ بوستان ہو گا

نہ جاؤ بام پہ سیندور مانگ مین بہر کر
حضور دیکہی گا خون کہکشان ہو گا

غزال دشت خجالت سی رام ہو وینگی
ہماری وحشت دل کا اگر بیان ہو گا

یہہ آہ و نالہ نی دکہلا دیا اثر لا کا
بس اب تو نام ہی باقی ہی لامکان ہو گا

فلک کی دورہ مین ہو گی عجیب وہ ساعت
ہماری پہلو مین جب صنم و جان جانان ہو گا

ضرور فرقتی لخت جگر کہلائینگی
ہمارا لشکر دل جبکہ میہمان ہو گا

۶

فصل گل آئی جنون سلسلہ جنبان ہو گا
پہر وہی کوہ وہی دشت کا دامان ہو گا

پہر بہار آئی ہی پہر چاک گریبان ہو گا
پہر وہی طوق و سلاسل وہی زندان ہو گا

چاک نادانی سی گر صبر کا دامان ہوگا
ثان دلا پھر رفو تار گریبان ہوگا

میری وحشت کا اثر کچھ تو نمایان ہوگا
خفقان ہوگا دل یار پریشان ہوگا

شوخی دیدہ محبوب پہ مین قربان ہون
سبزہ گور جو چراگاہ غزالان ہوگا

رات بھر نیند اوڑالی کو تری ای جانان
مین تو ہرگز ہی نہو نگا دل نادان ہوگا

بند نکلیا زلف کا مضمون جو کوئی دیوانہ
خوب مجموعہ اوراق پریشان ہوگا

فقر مین جاہی کیا مسند شاہی ہمکو
بوریا اپنی لئی تخت سلیمان ہوگا

خاک مین آبرو ملجائیگی ای ابر تری
جوش پر اپنا اگر دیدہ گریان ہوگا

خواب مین زلف گرہگیر کو دیکھو نگا اگر
دل وحشی مرا اوسکی سی پریشان ہوگا

گل گلزار محمد کا جو دم بھرتا ہون
فرقتی کنج لحد صحن گلستان ہوگا

لحد مین ہمسی سوال و جواب کیا ہوگا
چلی ہین پاک حساب و کتاب کیا ہوگا

چمک سی ذرہ خاک آفتاب کیا ہوگا
رنگیل زرسی معلی خضاب کیا ہوگا

ہمین بلاتی ہین یا آپ لاتی ہین تشریف
عریضہ بھیجا ہی دیکھین جواب کیا ہوگا

فراق یار جفای رقیب بھی واعظ
اب اسسی بڑہ کی لحد مین عذاب کیا ہوگا

قسم خزانہ مین تو ہم شرب پی لی کیا بیٹھی
اب آیا موسم گل کیون خضاب کیا ہوگا

[illegible] نازی آنکھین چھپاتی ہین ہم پہ باران
ابھی تو اوسکا ہی بچپن شباب کیا ہوگا

ابھی سی شوق سلاسل پسند آیا ہی
بہار مین دل شیدا خراب کیا ہوگا

چلی ہو کعبہ کو واعظ پی عبادت ہون
بتون سی قبلہ من اجتناب کیا ہوگا

یہ تیرہی نظرین سی [illegible] ہمکو
ہوا وصال تو کبھی حجاب کیا ہوگا

ہمیشہ [illegible]
ہماری دل سی زیادہ کباب کیا ہوگا

مدد کو آ پہنچا فرشتی بی مرقد مین
وہان کی فکر ہی یا بو تراب کیا ہوگا

٨

پژمردہ دل ہی وہ جو وطن سی نکل گیا
غنچہ وہ کیا کہلی جو چمن سی نکل گیا

کیا لطف زندگی جو وطن سی نکل گیا
بلبل کی موت تہی جو چمن سی نکل گیا

بایا صلا سخن جو دہن سی نکل گیا
جوہر کہلی جو اصل مین سی نکل گیا

صیاد دیکہہ بلبل بیدل کو چہوڑ دی
گلشن ویران ہیا جو چمن سی نکل گیا

سنتی ہی اونکی پانو کی خلخال کی صدا
مردہ ہرا تر شی کی کفن سی نکل گیا

سمجہین وہ لابلا کو نہ لغزش کرین قدم
نامردہ جوان ہی جو رن سی نکل گیا

تیر مژہ کی تیزی و سرعت کہو نہین کیا
تیر کمان سخت تہا سن سی نکل گیا

دل صاف ہی تو کبہی کدورت کا کیا سبب
روشن ہوا جو چاند گہن سی نکل گیا

خاک شفا کی رکہتی ہی جا بہ گناہ کا
آیات پنہ ار ہو کی کفن سی نکل گیا

زلف سیہ جو روی مصفا سی ہٹ گئی
غل پڑ گیا کہ چاند گہن سی نکل گیا

گوشہ کیا قبول تو دنیا سی چہٹ گئی
قیدی رہا ہوا جو رسن سی نکل گیا

اک پل مین صید ہوگیا جلاد چرخ واہ
تیر نگاہ چرخ کہن سی نکل گیا

تیر مژہ کا دہیان جو بہولی سی آگیا
مضمون گمان فہم سخن سی نکل گیا

پایا جو نور الفت حیدر کا فرشتی
آکر عذاب قبر بدن سی نکل گیا

٩

خاطر مین نہین اتنا ہی دیدار کسیکا
رخ دیکہا ہی جو خواب مین اکبار کسیکا

ہر آن جو رہتی ہی طبیعت تہ و بالا
کیا لگگیا ہی جیسے کی دل مار کسیکا

کچھ اور دوا مجھکو طبیبو نہ بتانا
ہی وصل کا نسخہ مجھی دیدار کسیکا

کب آتش پنہان ہی کوئی ہو مری سینہ
کب سینہ نہا ہی کرہ نار کسیکا

دیکھو تو ذرا آنکھ اوٹھا کر اپیہ اے جان
جاتا ہی جنازہ پس دیوار کسیکا

یہ خام خیالی ہی تری غیرت یوسف
ہین تیری سوا ہوینگا خریدار کسیکا

ہر سمت جو آتی ہین نظر جیحون کی تہالی
کیا زور رہی ہی دیدۂ خونبار کسیکا

کیا ممسک زردار سی حاجت کوئی بر آئی
سایہ نہوا دامن اشجار کسیکا

یہ ایک کو زنجیر کی سودی کی ہی خواہش
کیا گرم ہوا حسن کا بازار کسیکا

گر ہمسی نہین ہی تجھی الفت ارے بیتہمہ
یا سنہ نہین یہ ہی دل زار کسیکا

معشوق نہین ہوتی ہین مشتاق کسیکی
یوسف نہوا دیکھ خریدار کسیکا

مرد ونمایت تو جان آگئی بسمل ہوی زندہ
کیا زور رہی ہی فتنۂ رفتار کسیکا

بنتا ہی مری جسم پہ ہر موی بدن خار
یاد آتا ہی جب دستۂ گلزار کسیکا

یا شاہ نجف آپسی ہی عرض مید اللہ
محتاج نہو فرقتی زار کسیکا

۱۰

پس مردن مین جفاسی چہوٹا
جان گئی غیر بلاسی چہوٹا

زاہد آپ ہین پابند ہوس
رند ہوکر ہین ریاسی چہوٹا

نہین آتا ہی جو وہ رشک مسیح
دل بیمار شفاسی چہوٹا

وصل مین ہاتھ جو آیا ہی
وہان عرق فرط حیاسی چہوٹا

کبھی مین بعد فنا نیچ ہین
مرکی بہی مین نہ بلاسی چہوٹا

وہ نہ دوزخ کی ہوا کہایگا
جو کہ عالم مین ہواسی چہوٹا

دور سے آیا ہون سنکر ترا فیض اے ساقی
صاف مے سے مرا پیمانہ و دل بھر دینا

ہجر ساقی مین اگر مجھکو پلائی ہو شراب
بعد مو بھر خندہ زہر ملا کر دینا

بعد مرنے کے بنایا ہے مری خاک کا چاک
چرخ گردون نے نچھوڑا ابھی چکر دینا

پھر گلگشت جو وہ سرو سہی باغ مین آئے
نذر مین تجھکو ہے لازم گل تر زر دینا

فرقتی نذر یہ لایا ہے جگر کے ٹکڑے
داد اس نظم کی لازم ہے سخنور دینا

١٢

تیری کفش کا مری گھر جو ستارا چمکا
بعد مدت کے مری بخت کا تارا چمکا

چادر ابر مین ہے منہ کو چھپاتا خورشید
چہرہ کیا آج لب بام تمہارا چمکا

تیغ ابرو کا اشارہ بھی مجھے کافی ہے
سر پہ قاتل نہ مری تیغ خدارا چمکا

طور کا طور ہر اک شخص پہ ظاہر ہوگا
بام پر چہرہ کو اے بت نہ خدارا چمکا

خاک مین ملگئے یک لخت حسینان زمین
نام جب سے ترا اے طفل خود آرا چمکا

آج سیارے جو ثابت نہین آتے ہین نظر
رشک سے لا تری کفش کا ستارا چمکا

شہر مین پہلے تو واقف نہ کوئی آپ سے تہا
جب سے شیدا ہوے ہم نام تمہارا چمکا

سینے پھوڑا دئے سر پر شہادت اپنی
ترا خنجر جو مری جان دو دو بارا چمکا

عین حسرت مین جو اس ماہ کا چہرہ دیکہا
داغ حسرت مرا مانند ستارا چمکا

تیر مژگان کی تری زخم ابھی آئے ہین
مجھپہ ابرو کی نہ تلوار خدارا چمکا

ساکن ارض و سما تاب نہ لائینگے کبھی
آہ کا کوئی اگر میری شرارا چمکا

وہ جو خورشید لقا میرا ہوا ہے مہمان
فرقتی آج مری بخت کا تارا چمکا

ہمسی اور اوسنی شب وصل نہ کیا کیا ٹھہرا
بیجالی کبھی ٹھہری کبھی پھر دا ٹھہرا

کبھی غصہ کبھی نقصہ ہی جھگڑا ٹھہرا
ہمکو برباد کیا خوب یہ اچھا ٹھہرا

ہمسی او راون سی ازل مین یہی سودا ٹھہرا
دل کا دینا ہوا اور ظلم کا لینا ٹھہرا

حکم زلفونکی درازی پہ ہی گند ہوائی کا
پیچ پر پیچ پڑا اور بکھیڑا ٹھہرا

جب سی یہان اوس بت ہرجائی کا آنا ٹھہرا
دوست ٹھہرا نہ کوئی اپنا بیگانہ ٹھہرا

واعظا آج ہی کیا روز ازل سی ہی یہی
خانہ پیر مغان رندکا کعبہ ٹھہرا

موجین آتی ہین نظر نشہ مین سرشار ہو بت
آجکی رات مین سونا لب دریا ٹھہرا

بت کیا ہوتا ہی مشتاقون پہ فرماؤ کرم
دولت حسن یہ قارون کا خزانہ ٹھہرا

ہرگھڑی چین بجبین غصہ ہی دشنام دہی
آگی اغیار کی رتبہ مرا اچھا ٹھہرا

دل کو مین دیتا ہون اور آپ نہین لیتی ہین
دل نہ ٹھہرا یہ کوئی صفت کا قصہ ٹھہرا

زیر خنجر مجھی بسمل سا تڑپتا چھوڑا
کام جو آپکا ٹھہرا اسوا ہورا ٹھہرا

کبھی ایجان نکیا وعدہ وفا بھولی سی
عرض گر آپسی کرتی ہین تو شکوہ ٹھہرا

کسطرح رشتہ زنار کو توڑون زاہد
آپکی عقل مین تسبیح کا ڈورا ٹھہرا

مجھسی کچھ کہتا ہی اغیار سی کچھ کہتا ہی
او تلون ہمہ تن کیا یہ رویا ٹھہرا

اپنی عشاق کی دیکھی نہ جنجھر ہو ہمسر
اری صفاک یہ کیسا ترا انتقا ٹھہرا

انکو کیا قتل کیا اوسنی مجھی خوب کیا
لوگ کیون دیکھنی آتی ہین تماشا ٹھہرا

زلف بلدا ہین یہی گر سورہ واللیل کی شان
رخ پر نور ترا نور کا سورا ٹھہرا

غنچہ کی بہر نشانی دیا اچھا نکیا
باعث قتل مرا آپ کا چھلا ٹھہرا

عہد پر عہد ہین پیمان پہ پیمان ہوتی
اونکی جلسہ مین مری قتل کا شورا ٹھہرا

قبر میں رکھکی چلی ای رفیق و ہمدم
داغ دل کی نہ سوا دوست ہمارا ٹھہرا

فرقتی اوسکا ہون عاشق کہ وہ جانان جہان
کہیں خالق کہیں باعث کہیں بندا ٹھہرا

۱۴

چشم فتان لی ہمیں مار لیا
تیر و پیکان لی ہمیں مار لیا

عشق دندان لی ہمیں مار لیا
برق تابان لی ہمیں مار لیا

دوست جانان لی ہمیں مار لیا
شاخ مرجان لی ہمیں مار لیا

قد خوبان لی ہمیں مار لیا
سرو بستان لی ہمیں مار لیا

کسطرح وصل ہون ہمسی ہووی
ہای ایمان لی ہمیں مار لیا

ہجر میں کثرت گریہ یہ ہوی
چشم طوفان لی ہمیں مار لیا

میری لاشی پہ ہیں کہتی تم
لب جانان لی ہمیں مار لیا

آہ نکلی تو پڑی چر جامیں
راز پنہان لی ہمیں مار لیا

بجلی کالی بلاسی بچکر
زلف پیچان لی ہمیں مار لیا

عشق کا ہمتو نہ لیتی کبھی نام
دل نادان لی ہمیں مار لیا

کیون نہ پہنچائین مری زخم پہ لب
لب خندان لی ہمیں مار لیا

شب میں یاد آتا ہی سردی جانان
ماہ تابان لی ہمیں مار لیا

ہمتو بستر پہ بلاتی ہیں اونہیں
ناز جانان لی ہمیں مار لیا

یہی کہتی ہیں کہ ہان آتا ہون
اونکی ہان ہان لی ہمیں مار لیا

دل کی سوختگی کی مشکل کنان
سوختی تابان لی ہمیں مار لیا

کچھ گلہ صرف کسی کا ہی نہیں
سرخی پان لی ہمیں مار لیا

دو بہی چاہ مین انکی حضرت دل
اوس زنخدان کی ہمین مار لیا

فرقتی ہم تو نہوتی عاشق
دل نادان کی ہمین مار لیا

۱۵

جن روزون دور جام مے مشکبو ہوا
زاہد کا بہی نماز سی ترک وضو ہوا

جہوٹون نہ پہہ کفیل سے آرزو ہوا
بہولی سی گر ہوا تو فلک کینہ جو ہوا

اے بت کیا جو آپنے ارشاد وہ کیا
شکر خدا کہ آپ سی مین سرخرو ہوا

لیتی ہی بوسہ ناز سی ٹالا وصال کو
بوسہ مخل وصل تری رو برو ہوا

مجہہ سی اگر وہ روٹہی ہین کچہہ غم نہین دلا
ملجا مینگی کلام اگر دو بدو ہوا

وحشت مری زبان زد مخلوق جب ہوئی
شہرہ تمہاری حسن کا تب کو بکو ہوا

دونا ہوا ہی چاند سی رخ کا تری کمال
سنتی ہی دیکہا آنکہہ سی بونا ہرو ہوا

دیکہا جو اوسنی زخم جگر میرا بہر گیا
تار نظر سی دامن دل پر رفو ہوا

پیہم نظارے کرتی ہین اغیار دور سی
روزن ہر ایک کہڑکیون کا رخنہ جو ہوا

یہہ سر بسر مزاج پریشان ہو گیا
زلفون کا حال جبکہ بیان مو بمو ہوا

آئی بہار دور ہی رندونکا اندنون
لو واعظو شراب سی جائز وضو ہوا

ظاہر سی کیا حصول جو باطن خراب ہی
حنظل مین لطف کیا ہی اگر خوبرو ہوا

وہ سرو بہر فاتحہ آیا سر مزار
سرو مزار فرقتی لب جو ہوا

۱۶

آپکا کام سی مضطر ہو گیا
خاک منہ دیکہین کہ آئینہ مکدر ہو گیا

نہین لڑی ری وونی سی آنکہہ
قطرۂ اشک مسلسل سلک گوہر ہو گیا

انکی نسبت معاذ اللہ مین کچہہ کہہ سکون
غیر کا کہنا بہلا کس طرح باور ہو گیا

اوسنگہڑی وعدہ وفا اونکا ہوا افسوس ہی
کشتۂ فرقت کا جب وعدہ برابر ہو گیا

حیف سلطان چمن کا لٹ گیا سب مال و زر
اشرفی گل پہ دخل شاہ صرصر ہو گیا

اوسپہ اک عورت بہی عاشق سمجہہ عاشق ہی جہان
بی تکلف ہی کہ تو یوسف سی بہتر ہو گیا

عین عین حور عین ہی قد ہی طوبای جنان
قطرۂ چاہ زنخدان آب کوثر ہو گیا

قابض ارواح بہی ڈہونڈہا کئی ہنگام نزع
اسقدر کاہیدہ میرا جسم لاغر ہو گیا

پان جب اوسنی چبایا او ہی رنگت کہلی
منہ بہرا ز گوہر جو تہا یاقوت احمر ہو گیا

یون نہ وقت رقص اوڑ جاتی وہ زہرہ وش مگر
دامن پشواز اوڑنی کی لئی پر ہو گیا

جب اوٹہا پہلو سی وہ ساقی یہ کیفیت ہوئی
شیشۂ می چپ ہوا خاموش ساغر ہو گیا

ہاو بان یاد جانان ورطۂ اندوہ مین
کشتی عمر روان کا خوب لنگر ہو گیا

دامن خاکی نہ پہاڑی کسطرح روح حزین
ہجر مین ہر جزو تن کانٹون کا بستر ہو گیا

ہمسری کرتی ہی تجہسی خاک مین وہ گڑ گیا
سرو ای سرو بہی کہونکر برابر ہو گیا

باز آ جور و ستم سی بہر خالق باز آ
اینٹہ ہمکو روز و شب ای چرخ چکر ہو گیا

جب وہ میکش اوٹہ گیا برہم مجب صحبت ہوئی
جام جم کر فرش پر یک لخت بتہر ہو گیا

زر لٹایا بات کہوئی آبرو برباد کے
ہمسا عاشق تیرا ایجان کوئی کیونکہ ہو گیا

رنگ یہ تازہ کہلا سرخی سفیدی مین ملی
جام می پیکر گلابی اوسکا پیکر ہو گیا

پہر بہار آئی معرف ہی ہر اک غنچہ دہن
قطرۂ شبنم بہی لو بہولون کا زیور ہو گیا

فرقتی اوسکا ہون عاشق جسکی شور عشق مین
کوئی مومن کوئی مشرک کوئی کافر ہو گیا

۱۷

لکہون گر وصف رخسار رسول جن و انسان کا ۔ ہو میری کاغذ ابری یہ عالم مہر تابان کا
ہی لکہنا وصف مجہکو اک سپہر دین و ایمانکا ۔ نکیون ہو نسبت میری منزلت سی اوج کیوانکا
رسائی عقل و ادراک پاسکی کیا دخل ہی ہمدم ۔ نہ تا تہہ آیا کمند وہم کو اوج اونکی ایوانکا
در شہ کا گدا ہین وہ رضوان جنت کا خادم ہی ۔ مری رتبہ سی رتبہ کس طرح ملجا ہی رضوانکا
جسی چاہی عطا کردی مقام جنۃ الاعلی ۔ مری آقا یہ ادنی مرتبہ ہی تیری دربانکا
نہی اعجاز پیغمبر کہ اونگلی کی اشارہ سے ۔ کیا کس شان سی دو ٹکڑی جرم اک ماہ تابانکا
کجا ادنی کجا اعلی کجا یوسف کجا احمد ۔ وہ معشوق زلیخا اور یہ معشوق یزدانکا
فرشتی جن پہ ہون قربان خدا انکو و جنکا ہو عاشق ۔ بیان انسان سی کیونکر ہو اونکی شان ذیشانکا
نبی جیسا تہا ویسا ہی اوسی حق نی وصی بخشا ۔ محمد کیون نکرتی فخر فخر آل عمرانکا
شب معراج ختم المرسلین مین یہ ہوا ثابت ۔ کہ عرش پاک پر پہونچا ہی پنجہ شیر یزدانکا
در دریای طہ نی صفائی اپنی دکہلا کر ۔ یتیمی مین گہٹایا مول طفل پیر کنعانکا
نہی توقیر اصحاب رسول آسمان رحمت ۔ نجوم آسا ہی روشن نور جنکی دین و ایمانکا
نہین ہمشکل صورت مین وہ ہین ہمشکل سیرت مین ۔ بڑا انصغیر کا ہی فرق سلمان سی سلیمانکا
الا یا ایہا القلب اذکر الا اقرار الا انکر ۔ نہ بہولی وہ پیمان ہان روز ازل کی عہد و پیمانکا

شہا تم فرشتی کو روضہ اقدس پہ بلوا لو
خدا کا واسطہ صدقہ رسول جن و انسانکا

۱۸

بہار آئی ہی پہر رنگ لائی گلستانکا ۔ جگر پہر نوچتا ہی چہچہہ مرغ خوش الحانکا
کرم ہی آجکل مجہپر جو اوس سرو خرامان کا ۔ نہ ہر مصرع ہو کیون رشک صنوبر میری دیوانکا
دگرگون رنگ آتا ہی نظر مجہکو گلستان کا ۔ یہ ہی ماتم بپا کس عندلیب زار و نالان کا

نکل جاؤن کہین بہالسی ارادہ ہی بیابان کا
نگہبانو فریاد کہولدو بند زندان کا

ہی لکہنا بعد مدح خال وصف لعل لب ہمکو
حبش کو چہوڑ کر ہی عزم اقلیم بدخشان کا

ہوای مونکی جہونکو لسی جو ہر دم بجہاتا ہون
ہی اپنی عمر بہر دہوکا چراغ زیر دامانکا

برہنہ دشت لی ہمکو نہ رکہا جوش وحشت مین
سیا ملبوس کا ننگ لسی ہاری جسم عریانکا

سیاہی گیسو و خط کی ہوئی معلوم مردم کو
دیا عارض لی تیری کام کیا شمع شبستانکا

نئی تاثیر ہی سودمین صفرا ہو گیا ظاہر
جنون مین رنگ نکلا زرد میری جسم عریان کا

نجانین خاک ہو کر ہڈیان برباد ای دشمن
سگ کوی صنم پہرا کری گور غریبانکا

اثر ہر جنس مین اک نوع کا ذاتی مقرر ہی
نہو کیون عشق کامل مردم انسان کو انسانکا

نکہو نکر جہلملای شمع اوس رخسار کی آگی
یقین اوسکو ہوا بیتاب طلوع مہر تابانکا

مشابہ کیون ہو نادیدہ بادام حسرت سی
نظارا خواب مین اوسنی کیا ہی تیر مژگانکا

ملی اونکو جو رفعت کسکو بعد مرگ حاصل ہی
بگولا بنگیا ہی آسمان خاک شہیدانکا

شب فرقت مین جان و تن پہ دل کو چست کرنا ہی
وہ بن کا بولنا وہ گونجنا شہر بستان کا

اکڑنا پہر کہان سرو چمن سو بار صدقی ہو
خم و چم دیکہ پائی گر مری سرو خرامانکا

کیا اک آنچ مین بالی کی مچہلی ہو گئی جل کر
پڑا جب عکس آب می مین اوسکی روی تابانکا

ہوا بدلی ہی پہر پہر نشہ ہی پہر جوش مستی پر
بسا ہی شوق میری دلمین پہر سیر گلستانکا

لحد مین بہی یوہین وحشت جنون مجہکو ستائیگا
رفو ہو گا نہ محشر تک مری چاک گریبانکا

ہوا کا زور شکر کانپتا ہون ضعف ہی ایسا
عیان ہی صاف میری تن سی عالم بید لرزانکا

تری در دخنا پر سرسری وسی جو پایا ہی
اسی انعام مین رنگین ہوا ہی ہاتہ مرجانکا

کیا گر آبلہ کا خون سزا اوسکی خدا دیگا
کوئی دن مین بدن گہل جائیگا خار مغیلانکا

ہزار افسوس بعد مرگ بھی اونپر یہ طوفان ہی
سوا ہی سیل پیران کون ہی گور غریبان کا

وہ ایذای سفر وہ پاس اپنی زیست سی ہی ہم
مسافر سی مزا کچھ پوچھئی شام غریبانکا

اسیر غم ہین ای صیاد بس اب چھوڑ دی ہمکو
سماں دیکھا نہین اکبار ہی ہمنی گلستانکا

اثر تھا اسکہ ہم خود مرقد مجنون پہ جا پہونچی
جنون نی راستہ دکھلا دیا گور غریبانکا

اصالت اسکو کہتی ہین کبھی خون دم مین لاکھو نکو
گھٹا اب بھی نہ کس بل ابروی شمشیر جانانکا

لکھی ہین جو لعبہ وصف رخ مدح خط عارض
زہی اعجاز عالم ہو گیا تفسیر قرآن کا

یہ حیرت ہی کہ اوس آئینہ رو کی وصل مین کیونکر
رہا باقی نشان دلمین ہماری داغ ہجرانکا

کسیکو سنر سی کسو جہسی سمجھتا تک ہوای مہرو
نمونہ ہی ہلال آسمان تیری گریبانکا

نہین کچھ یاد سب بہولا ہوا ہون مکتب غم مین
سبق پڑھتا ہون ہر ہر روز اک طفل دبستانکا

قفس مین کیا مزی نظارۂ صیاد کی لوٹی
ہوا گلشن سی بہی بیگانہ گوشہ مجھکو زندانکا

چلی آؤ یہان اس دل کی کہنی سی وہان جاؤ
جو عاقل ہین وہ کہنا کب بہلا کرتی ہین نادانکا

لکھوائی فرقتی پھر اک غزل جمعیت دل ہی
پریشان ہی مرتب اسکو کرنا ہی دیوان کا

١٩

کھلا ہی یہان صحیفہ بام پر رخسار جانان کا
ورشتو نان ورق گردان و گردون گردان کا

مقرر ہو و بیگا سودا کسی کی زلف پیچان کا
یہ سنا یگا کہین یہ دیکھنا خواب پریشانکا

رقم کرتا ہی مضمون تان لب گلرنگ جانان کا
ہو کیونکر قلم پر میری عالم شاخ مرجان کا

پی گلگشت گلشن آمد سرو خرامان ہی
مصفا فرش کرای باغبان صحن گلستانکا

جنونکا جوش ہوتا ہی شباب عمر مین سبکو
بہار آتی ہی بکھڑا تار بس گل کی گریبانکا

ہوی ہین یاد عاشق ہین مری اکدلکی سیپاری
لئی پہرتا ہون مین سینہ مین ہر جا جسم قرآن کا

پریشان کرتی ہین نالونسی کہین خانۂ دل کو ۔ بگڑ جاتا ہی ستونسی مزا مجلس کی سامانکا

دلا یہ جان جاتی پر نجاتی دیگی جانی کو ۔ ہماری جانکا جانا ہی جانا ہمانسی جانان کا

لباس جسم ہی ستا زنار آئی ہی وصل گل ۔ ہمارا جسم ہی یا ہی مرقع سنبلستان کا

اوتارو زلف پر سنبل کو صدقی منہ پہ مین وارین ۔ برا ہوتا ہی جانی دیکہنا خواب پریشان کا

ہماری گہر کو یون آکر دہ ۔ شبک مہر پہر جاوی ۔ تہی گردشتگی کچھہ پہیر ہی گردون گردان کا

غریق لجۂ حیرت نکہلاونگا عالم مین ۔ نہ ہو نچیگا جو پانی تا بسر اشکونکی طوفانکا

مریجان وصل کی اقرار پر انکار کیا سمی ۔ نہین رہتا ہی کیونکہ یاد کہنا تمکو ہان ہان کا

دل عاشق پگہل جاتا ہی زہرہ آب ہوتا ہی ۔ قیامت ہی نکلنا آفتاب داغ ہجر انکا

خبر ہی ہمصفیرو بنگلی کیسی عنادل پر ۔ ابہی باد خزان سی رنگ بگڑا ہی گلستانکا

جلایا خرمن ہستی لگائی آگ گردون مین ۔ کبہی خالی نہین جاتا نکلنا آہ سوزان کا

شراب عشق کی نشہ مین دل جل جل کی قمر تیز ۔ مزا دیتا ہی ای ساقی کباب مرغ بریان کا

ہی الفت جنس کی ورنہ کہان گیسو کہان یہ دل ۔ پریشانی مین سودا ہی پریشان کو پریشانکا

کتاب دل نہ باندہ اس رشتہ دنیاسی اوغافل ۔ بکہرنا چاہئی زنار کو شیرازہ قرآن کا

جدائی ظاہر و باطن کی امر اعتباری ہی ۔ نہین ہی جان عاشق سی سر مو فرق جانانکا

نکالوگی جو مینخانی سی ہم رندونکو بہکاکر ۔ صنم آدم کی ای واعظ کروگی کام شیطانکا

عیان ہی اون لبونسی چشمہ حیوان مین بہی آتش ۔ مسی کی وہ اوداہٹ رنگ او سبزی خط پانکا

ترا ہی گہر جلیگا یاد رکہہ صیاد آہون سی ۔ عنادل سی پہرا ایگا اگر مسکن گلستانکا

گیا جو کوچۂ جانا مین پہر پہر کر نہین آتا ۔ نپوچہو کچھہ کسی احوال یہان معلوم ہی وہانکا

عبث لاتا ہی ای جراح میری واسطی مرہم ۔ نجہی کیا حال ہی معلوم میری زخم پنہانکا

نکل تن سی جدا سر یاد رکھہ یہ قول ای قاتل
رہیگا بوجہ گردن پر تری خون شہیدانکا

شہید و بسمل ہوئگا سرخرو ای غصہ محشر تک
دم آخر ملا ہی مجھکو پانی تیغ براں کا

گری اندہونکی صورت عشق مین اب پست مشکل ہی
لقب مشہور ہی خونی تری چاہ زنخدان کا

بیابانمین جنون کی فاقت واہ ری الفت
نہ ٹوٹا تار جسدم ایک ہی مجہہ سی گریبانکا

عدم مین کون ہوگا کیا خیال اسکا تجھی واعظ
خیال خام خواب ہی کیسا نظارا حور و غلمان کا

دکہا دو جودت طبع رسا کچہہ فرق تھی اسمین
ابہی ای خوش بیان مشتاق ہی دل بر سخندانکا

٢٠

اداکرتی ہی قمری وصف او سرو خرامان کا
سبق جسنی عنادل کو پہلایا ہی گلستان کا

ابہی جلوہ نظر آیا ہی شاید پری جانانکا
نہیں ہی رنگ فق ہوجہ خورشید درخشانکا

جنون پہر بڑہ چلا سودا ہوا پہر زلف پیچانکا
ہوا پہر مثل سنبل تار تار اپنی گریبان کا

اوڑائی ہی جو میری بخت کی سب چال ڈہال اوسنی
ہی شکل دورہ پرکار دورہ دور دورانکا

نظارہ کر رہی ہین زخمہای تن کا آنکھون سی
گمان ہوتا ہی ہر اختر پہ مجہکو چشم حیران کا

وہان جانیسی مشت خاک کی خاک آبرو ہوگی
تری کوچہ مین قاتل ڈہیر ہی خاک شہیدانکا

نہ آنا اے جنون نزدیک میری دور ہی رہنا
دہوان پہیلا ہوا ہی چار جانب آہ سوزانکا

کبہی قند مکرر کی نبات اوسکو پسند آئی
مزا چکہا ہی جسنی بوسہ سیب زنخدان کا

جلاتا ہی جگر کو پہونکتا ہی خرمن دل کو
بہڑکنا آتش غم کا نکلنا آہ سوزان کا

نہووی ہمسی تعریف در دندان یہہ کیا ممکن
ہزاردن دُر بہا دیتا ہی جہالہ ایک نیسانکا

نکل جاتی ہین لیکن آہ جب سینہ سی کرتا ہون
ابہی باقی ہی میری دل مین شاید غم پیکانکا

الہی تو بچانا مردم آبی کو آفت سی
بپا ہی شور محشر رو رہی اشکونکی طوفانکا

شکایت غیر کی کیا ہی کہ اپنی ہی ہین بیگانی
نہین ہی قدردان اے دل سخندان ہی سخندانکا

کہان جرأت اور کہان سحر فلاک اے دل مگر شاید
اوٹہا کر جوش اسکو لیگیا اشکون کی طوفانکا

مناسب تہا کہ دیوانہ رہی زنجیر مین قیدی
ہوا اس سلسلہ سی عشق دل کو زلف پیچانکا

ہوا ہون اے عزیزو فرقت چاہ زنخدان مین
ہرا ای غسل پانی چاہیئی ہو آب حیوان کا

اکیلی ہی رہینگی مثل مجنون ہجر جانان مین
قیامت تک نچہوٹیگی مگر دامن بیابان کا

ارادہ سر کٹانیکا ہی رکہہ ثابت قدم مجہکو
الٰہی سامنا ہی ابروی شمشیر جانان کا

خوشی سی کیون نہ تڑپون خنجر قاتل سی اے ملکو
ہوا ہی آج میری واسطی دن عید قربانکا

نہووی کسطرح اس بغض سی دشت جنون روشن
ہی میری داغہای جسم پر عالم چراغانکا

کہڑی ہین پہر قتل عاشق ناشاد کس پہ یہ
جبین پر چین ہی قبضہ ہاتہہ مین ہی تیغ برانکا

جہکا دی بادہ وحدت سی مجہکو عین کثرت مین
رہونگا حشر تک ممنون ساقی تیری احسانکا

دبا بہر شاہی ہمکو جہلا اوس پر بیر ولی
رہی نقد پر پایا مور نی رتبہ سلیمان کا

نہال زندگی کی قطع ہونی سی ملا ثمرہ
مری شاخ گلو مین پہل لگا شمشیر برانکا

حنابندی کا عقدہ صاف کہلجا دیگا دہان قاتل
یہ محضر پیش کرنا ہاتہہ سی خون شہیدان کا

کہا غم نی جو دیکہا خانہ دل کو مری خالی
مکان ویران پڑا ہی ہائی یہ کس خانہ ویرانکا

مین ہون زخمی مجہی صیاد گلشن سی کہین لیچل
جلیگا گرمی خون سی مری تختہ گلستان کا

گل افشان اشک مین کو کر دیا ای فرقتی ہمنی
مری اشعار سی رنگ اڑ گیا صحن گلستانکا

۲۱

رکہا جو ہین مری دل پر گلاب کا پہاہا
وہان زخم نی مانگا شراب کا پہاہا

تصور رنگ گل سی غش ہوا ای گل
نہ بار ہو کہین بوی گلاب کا پہاہا

اشارۂ مژۂ گلبدن کا زخمی ہوں
کہیں سی ڈھونڈ کی لاؤ گلاب کا پہاہا

لگا ہی تیر مژہ اوسکی دل پہ وقت شکار
رکھا ہی بجری دلپر حباب کا پہاہا

لگا یا وار ہی اک بجہ حسن لی ہمپر
ہماری واسطی لانا حساب کا پہاہا

سخن شناس ہوں گھایل ہوں تیغ مضمونکا
دوا ہی بس سخن لاجواب کا پہاہا

کہاں ہی ساغر دل اب بہار آئی ہی
رکھا ہی سیخ کی دلپر کباب کا پہاہا

مرض کی غنچہ کی اچھا ہو داغ وصل افسوس
ہماری زخم پہ ہووی عتاب کا پہاہا

وصال ہوی نہ دوئی کا نہ حرف پہر آئی
وہ بت اوٹہا ہی جو منہ سی حجاب کا پہاہا

دیا جو ہاتہ سی جام شراب ساقی نی
بہگو لیا دل پر اضطراب کا پہاہا

یہ زخم ہاتہ سی نازکبدن کی پہونچا ہی
نہ بار ہو کہیں دلپر حساب کا پہاہا

ہرا ہی آبلہ دل خزاں کی آتش سی
ہماری زخم پہ رکھنا شراب کا پہاہا

کسیکی تیر محبت کا یہ ہی گھایل ہی
لئی ہتو ہی فلک آفتاب کا پہاہا

جو زخم دلمیں ہی سوزش تو فرقتی کیا ڈر
نہاؤ عشق سخن بو شراب کا پہاہا

۲۲

سخ نہ آبادی کا کرتا ہی نہ ویرانی کا
حال ابتر ہی بہت آپ کی دیوانی کا

شوق ہی اونکو تہ ہر اک سی اولجہ جانیکا
زلف ہرگز وہ پری رو نہیں سلجہانیکا

نقش پا اوس گل نورستہ کی ہیں مثل نگار
راہ دلدار میں رفع ہی پریشانی کا

دامن دشت کو پہاڑ بچا کتاں کی صورت
شہرہ چلا ایکی جنوں آپ کی دیوانی کا

ایکدن ایک پریشان کری ہو سو وعدی
وعدہ جہوٹہوں تو ہو سچا کوئی ملجانیکا

ہمنشیں دیکہنا دنیا کا عجب عالم ہی
حال معلوم نہ آئی کا ہی نہ جانی کا

اوسکی سرکار مین ای دل جو رسائی ہوگی
کہونگا حال مفصل تری تڑپانی کا

سر بسر محو جمال رخ ساقی ہین سب
ہوش باقی ہی نہ شیشہ کا نہ پیمانی کا

تیری عشاق تو گذری ہوی ہین عالم سی
کچہہ اثر ہی نہ نصیحت کا نہ سمجہانی کا

فصل گل آئی ہی کیا دہر مین ای پیر مغان
رنگ یہ لا نظر آتا ہی جو مستانی کا

پہرہن پہر لی ہین بیتاب نہین شیخ کو چین
کچہہ نشان کعبہ کا ملتا ہی نہ بتخانی کا

خون کر کر دل عاشق کا نہین شرمانی
کس سی انداز اوڑایا ہی مگر جانی کا

گل عارض کی مقابل جو ہوا کرتا ہی
بلبلو باغ کو خود شوق ہی گل کہانی کا

یون ہی اکبار تڑپتی ہین نکل جائیگی جان
پر مسیحا مری بالین پہ نہین آنی کا

آپکی زلف ہی جن بات بگڑ جاتی ہی
کیا خطا کو سنا ہی جرم بہلا شانی کا

زور پر فصل بہار آئی ہی ای دیوانو
مشورہ ہی غل زنجیر کی پہنانی کا

فکر بیفائدہ ہی موی کمر کا مضمون
نہین ہاتہ آپکا ہرگز نہین ہاتہ آنیکا

کچہہ نکچہہ ہو دیگا وحشت کا اثر اون پر ہی
یہ تڑپنا مرا خالی تو نہین جانیکا

پہر بہار آئی ہی پہر وحشت دل دونی ہی
قصد پہر فرقتی ہونی لگا ویرانی کا

۲۳

پہر بہار آئی یہ سامان چار سو ہو جائیگا
خالی خم ہو جائیگا مملو سبو ہو جائیگا

اونکو گر بہولی سی شوق شست وشو ہو جائیگا
اشک کا دریا اوبل کر روبرو ہو جائیگا

باغ مین جب دور جام مشکبو ہو جائیگا
آب شبنم سی گل تر کا وضو ہو جائیگا

فرق مو بہر ہی نہین گر موشگافی پر وہ آی
حال زلفونکا پریشان ہو بہو ہو جائیگا

آج سنتی ہین کہ ہین دربار مین عاشق طلب
فیصلہ اونکی ہماری دو بدو ہو جائیگا

آلگی پھر کر نہ ذرا دیکھ تو جاناں اس طرف — زخم دل پر تار مژگاں سے رفو ہو جائیگا

پھنس گیا دل اونکی زلفوں میں ہوا سودا شروع — میری رسوائی کا سودا تو بکو ہو جائیگا

ڈھونڈتا پھرتا ہی شرط کعبہ میں کی یاد میں — ایکدن حاصل مآل جستجو ہو جائیگا

رنج کی پردی ہیں اوٹھ جائینگی گر آئینمیں — جسگھڑی اون سی طرب یوں گفتگو ہو جائیگا

آئی تو چاندنی میں لطف کتان دیکھئی — امتحان دل کا ہماری ماہرو ہو جائیگا

ہی یہ شورش اے دل وحشی ابھی سی خبر ہو — فصل گل میں قیس کا اوستاد تو ہو جائیگا

چشم و ابرو و رخ و زلف چلیپا کا ہی عشق — ایک میری دل کا شہرہ چارسو ہو جائیگا

سلسلہ پیدا ہوا ہی گیسوی دلدار سی — بیڑیوں کا غل دل وحشی کو ہو جائیگا

دولت و زر پر عبث پھولی ہوئی ہو منعمو — ساتھ ہی اک ہچکی کی سب مال جھو ہو جائیگا

مصحف رخ کی جو سورت پڑھکی پڑنا ابھی ہی — سامنا زلف کی موذی کا جو ہو جائیگا

آئی تو باغمیں گلگشت کو ای رشک گل — چہچہہ بلبل کا شور طرفہ ہو جائیگا

آپ چھپتی ہیں تو ذرا گھونگٹ بکو میٹھی بال کی — ابلق دوران سی بڑھکر تندخو ہو جائیگا

دیکھنا ساقی جو وہ مہرو آیا باغمیں — پرمی الفت سی ہر گل کا سبو ہو جائیگا

باتیں کر تمیں مصور کھینچ لی تصویر اگر — کاغذ ابری کو ذوق گفتگو ہو جائیگا

خوف کیا ہی ایکی رات آئی تو دی فصل بہار — خندۂ گل سی دل بلبل رفو ہو جائیگا

بال کھولی بام پر آئیگا جب وہ مہر کو — سارا کوچہ اوس پری کا مشکبو ہو جائیگا

کسلیی چپ بیٹھا ہی نہ پر زلف کی نادان ہی — عنبر سارا نہ سر پر اوس سی تو ہو جائیگا

تیغ ابرو کھینچ چکی ہی رہاں سی گیسن جلتی بت بیان — ہی یقین ہمکو کوئی دم میں لہو ہو جائیگا

نمانہ زنجیر سی وحشت عبث ہی و شیو — مو بمو تار رگ جان سی رفو ہو جائیگا

دھجیان اوڑتی ہین وحشت مین گریبان چاک کر
دامن صحرا مقابل ہمسی تو ہو جائیگا

آمد فصل جنون کی ایک یہ پہچان ہی
باغ دل مین نخل وحشت کا نمو ہو جائیگا

تیر مژگان لیس ہین شمشیر ابرو تیز ہی
کوئی دم مین اب تہ خنجر گلو ہو جائیگا

خون بلبل کا نکر صیاد آفت آئیگی
ہر رگ گل سی ابہی جاری لہو ہو جائیگا

ابرو ونکی تیغ اونکی باڑہ پر ہی ہمدمو
آج بچ جائین تو حفظ آبرو ہو جائیگا

اونکو اندر وزون حنا مہندی کا آیا ہی خیال
دیکھہ ای دزد حنا ترا لہو ہو جائیگا

جاہ دنیا کی ہوس بیجا ہی دل مین فرقتی
خاک مین پنہان نال آرزو ہو جائیگا

ولہ

٢٤

اپنی رسوائی کا پہر چرچا ہوا
پہر نئی سر سی مجہی سودا ہوا

زلف کا پہر سلسلہ پیدا ہوا
پہر غل و زنجیر کا سودا ہوا

نور افزا جب ترا مکھڑا ہوا
ثابت اوسدم ماہ مین دہبا ہوا

تیری محفل سی ہزارون خوش گئی
ایک دل میرا ہی صد پارا ہوا

دیکہکر کوٹہی پہ تیری غیر کو
میرا دل کیا کیا تہہ و بالا ہوا

سیکڑون آنکہین بچہینگی راہ مین
لو قیامت آگئی شرما ہوا

تیری افشان کی لگانی کی لئی
چاند بہی ای ماہرو تارا ہوا

ہوگی صیقل کب سکندر سی بہلا
جب مکدر دل کا آئینہ ہوا

میری دل کی بیقراری دیکہکر
ہان دل سیماب صد پارا ہوا

روی روشن کی ضیا کو دیکہکر
عشق دل کو لگیا اچہا ہوا

دل کی ہاتہوں سی نہایت تنگ تہا
عشق دلکو لیگیا اچہا ہوا

ہیچ تو یہ ہی کیا ہی انکہونکا قصور
ای دل اونپر آپ تو شیدا ہوا

نامۂ اعمال میزان مین تلی
بار عصیان سی گران پلا ہوا

پڑ گیا ایسا فراق گلبدن
سوکہکر جسم حزین کانٹا ہوا

غیر مجلس سی نکلوائی گئی
خار سی گل کا جدا کہٹکا ہوا

شیخ بتلا کیا حرم سی مدعا
کسلئی پہرتا ہی یون بہٹکا ہوا

حال اونکا آشکارا ہو رہی
فرحتی تو کسلئی شیدا ہوا

۲۵

لگہا اور تشنۂ فرقت نہ شکر تو کرتا
ہی آب تیغ نہ پانی کی جستجو کرنا

یہ فتنہ دیکہی عطر حنا وہ ملتی ہین
قیامت آگئی ٹہیرا مرا لہو کرنا

خیال سوزن مژگان یار ہی جراح
نہ میری چاک جگر کا ابہی رفو کرنا

ہمارا زخم جگر سینا کوئی کیا جانی
نظر سی سیکہہ لی اونکی کوئی رفو کرنا

بہار آئی ہی رندونکی فکر کر ساقی
ہم آگئی ہین لبالب ابہی سبو کرنا

وہ بد دماغ ہو جائی دیکہہ ای بلبل
نہ اس روش کی مری گل سی گفتگو کرنا

مرا او ہی تجہی اسوقت عشق کا بلبل
جو گل سی سیکہہ لی اوس گل سی گفتگو کرنا

بہار آئی ہی واعظ نہ روک رندونکو
ہی فرض ساغر گل سی ہمین وضو کرنا

نہ ہو سکو کہین قاصد مری پریشانی
بیان حال مرا اون سی موبمو کرنا

ہزار ہو وہی خریدار دہی باتون مین
جو اوس سی سیکہہ لی یوسف بہی گفتگو کرنا

نہو سکی مری خاطر ذرا بہی ای غم یار
کلام مرا نہ کہین اونکی روبرو کرنا

لکھا ہی دیکھہ کتابو نمین حال تارون کا
نتیجہ عشق کا آخر کو خوب دیکھہ لیا

کبھی نہ مال کی اے دل تو آرزو کرنا
دل حزین نہ لگاوٹ کسی کا کسی تو کرنا

منم یہہ فرقتی دنیا ہی تمکو اے جانان
نہ میری سامنی غیرونکی آبرو کرنا

۲۶

عزم ہی موسم گل مین سوی گلشن میرا
ہی جنون ہاتھہ تری ابروی آزادی
کبھی گلچین سی تلاش ہی نہ لگاوٹ ولین
ہو نمین وہ عاشق صادق کہ پرستش ہو لین
دوست اسپہ ہی نہ اپنا بھی جانا تو لی
عشق اک پردہ نشین کا ہی حیا لازم ہی
آتش رخ سی نہ سب جسم پکہل جاوی ابہی
عشق مین زلف کی سودائی بنا ہون ابتو
زخم دل بھی مرا بیدردی قاتل پہ ہی ال
جسمی مین اک گل نورستہ کا دم بھرتا ہون
گھنگرو پانون مین پڑا کہتا ہی ہر ایک قدم
جذبہ دل کا اثر اوسپہ مقرر ہوگا
سانپ آلی ہین نظر خواب مین ہی ایدل آہ
مینی جب زلف کی سودمین کیا ترک لباس
وحشیان اوڑگئین سا تہہ ہوا وحشت مین

گوشۂ باغمین ہوجائیگا مسکن میرا
دست وحشت مین نہ اولجھی کہین دامن میرا
خار جسمین نہین ہی صاف وہ گلشن میرا
نام مسن پائین اگر شیخ و برہمن میرا
عشق مین تیری زمانہ ہوا دشمن میرا
چہکی یون رؤون میں لی کوئی شیوہ چھپا
شبنم آسا ہی رگ گل پہ نشیمن میرا
اے جنون ہاتھہ ترا اور ہی دامن میرا
چشم افسوس سی متہ تکتی ہی سوزن میرا
ہو گیا آنکھہ پہ بلبل کی نشیمن میرا
چہان دیگا تری سینہ کو یہہ باجن میرا
کہینچ لائیگا کبھی نالہ و شیون میرا
ساتہہ چہوڑیگی نہ یہہ زلف کی ناگن میرا
کہا صحرا لی کہ موجود ہی دامن میرا
منگیا دامن کہا رسی و امن میرا

قیس کو بھول گئی یاد نہین آتا ہی
اپنو ہر ایکطرف شور ہی بن بن میرا

دشت وحشت مین ہی آتی ہی آواز جنون
ہاتھ سی چھوڑ نہ دینا کہین دامن میرا

جب سی اک بت کو جگہ خانہ دل مین دی ہی
کلمہ پڑہتی لگی سب شیخ و برہمن میرا

ڈھونڈھتا ہون تو نہین ملتا ہی پہلو مین پتا
سامنی انکہونکی دل لیگیا رہزن میرا

اگلی غسل جنون اور یہہ اب سودا ہی
دہجیان ہونی لگا آپ ہی دامن میرا

مین جو تڑپا تو عجب لطف سی قاتل نی کہا
خون مین ڈوب نہ جای کہین دامن میرا

زلف کی عشق مین ہینی جو اسی چاک کیا
تار سنبل سی سیا باغ نی دامن میرا

دل کو پہلو مین چھپای ہوی رہتا تہا مدام
لیگیا کون چرا غ نہ دامن میرا

شرم کی تہ دیکھین اوٹہا اوٹہنگی ہی کہتی ہین وہ
فرقتی دیکھ نہ لین رخ پس چلمن میرا

۲۷

چھوا نہ زلف کو بوسہ کا نہ سوال کیا
حضور آپکی کس بات پر ملال کیا

گھٹا بڑہا نہ جنون کو بہار کو ہلال کیا
یہ پڑہ کی ای مہ نو آپکی کمال کیا

خدا کا خوف نہ اندیشۂ مآل کیا
بتون کا عشق کیا دل یہہ کیا خیال کیا

ہنسا رہا دل وحشی عجیب بندی مین
لکھی جو زلف کی مضمون کا خیال کیا

نظر سی اوٹھ گئی پردی حجاب کی فورًا
جو کوہ طور پہ نظارۂ جمال کیا

نچھوڑا نام بہی نسمہ کا اف ری مشتاقی
نظر سی طایر دل کو مری حلال کیا

نہ روکی باگ تری شہسوار غمزہ نی
ہماری خرمن ہستی کو پایمال کیا

لگائی آپنی مہندی یہہ کیا کیا قاتل
ہماری خون سی ہاتھون کو کیون نہ لال کیا

نہ پاسبان قناعت ہوی ہزار افسوس

سنگ نفس کو عبث فرقتی تہال کیا

۲۸

ہر قدا وسی جو نامرادت گلشن ہوگا
اوس گل تر کا گذر جیب سر مدفن ہوگا

بکی سحر مین جب نالہ شیون ہوگا
دامن ابر سی بڑہکر مرا دامن ہوگا

دیکہکر باغ مین رخسار تری ای گل تر
خون رگ گل مین وان شوق سی سن سن ہوگا

عکس جسی مرا اوس مثل کتان ہوویگا چاک
رخنہ گر آپکی دیوار کا روزن ہوگا

بام سی اوترو گی بکہرای جو زخیر زلفین
شبکو خورشید چراغ تہ دامن ہوگا

نونہالان چمن انکہہ سی گر جائینگی
گل فشان آپکا جب باغ مین دامن ہوگا

ہتکڑی ہاتہہ مین پہنینگی یہی سنت ہی
آپکی ہاتہہ مین جسوقت بری چہن ہوگا

تیری گیسو سی یہ بچکر کہین جا سکتا ہی
طائر دل کا اسی دام مین مسکن ہوگا

خوب میخواری کی اوسوقت مزی اوٹہینگی
دلربا ہوویگا ہم ہوینگی ساون ہوگا

ای صنم نام خدا ہی ابہی بچپن تیرا
کیا مزا ہوویگا جب نو ر یہ جوبن ہوگا

پان چبای ہوی ہین اوکی مسی نگتے ہی
دم مین اب خون ترا ای گل سوسن ہوگا

جذبہ دل مجہی لیجا سکا وانتک کدن
فرقتی کرب و بلا مین مرا مدفن ہوگا

۲۹

موجزن جبکہ تری حسن کا قلزم دیکہا
دل عشاق کی کشتی یہ طلاطم دیکہا

چاندنی مین جو وہ آی تو گہٹا شرم سی ماہ
یہہ تماشا ہی نیا دیدہ انجم دیکہا

ایک مردہ کی جلانی کو نہین آتی ہو
بیٹہی جاتی جہان آپکا قم قم دیکہا

ہتی جدت سی تلاش اوسکو وہین لعل بنا
یہہ لونی تری رہوار کا جب سم دیکہا

چاہ غبغب کا تصور جو بندہا سوتی وقت
خواب مین بہی تری عاشق نی تلاطم دیکہا

دل مرا اڑ و تبا بیڑا ہی کہان آبیٹھی | اکی یہان کشتئ الفت کا تلاطم دیکہا
غوطی کہاتی ہوی پہرتی ہین یہان مردم چشم | اپنی آنکہوں سی نہ بڑ کر کوئی قلزم دیکہا
لوک ہی زلف چلیپا کی غضب ای قاتل | سانپ ایسا نہ کوئی صورت کژدم دیکہا
دل لگاؤ نہ چمن پر کہ ہی دو دن کی بہار | باغ عالم مین یہ بلبل کا ترنم دیکہا
عشق غنچہ کا وہین چہوڑ دیا ای گل تر | بلبلون نی جو تری لب کا تبسم دیکہا

فرقتی اوسنی بہلا کیئی لطف کلام
بلبلون سی نہ کبہی گل کا تکلم دیکہا

۳۰

جس روز منہ سی مل گیا پیالہ شراب کا | گر جائیگا نظر سی کٹورا گلاب کا
ساقی لگادی منہ پیالہ شراب کا | کب تک رہیگا وصل مین پردہ حجاب کا
مستی نہ کم ہو حکم ہی ہی شباب کا | ہر دم رہی بغل ہی مین شیشہ شراب کا
اک زہرہ وش پہ جان نکلتی ہی آجکل | کیونکر نہ مجہکو شوق ہو چنگ و رباب کا
در در پہرا کی خوب ہی رسوا کیا مجہی | یارب برا ہو اس دل خانہ خراب کا
زلفین کی بدلی پڑہنا خط یار قبر پر | دل منتظر رہیگا لحد مین جواب کا
جہرمٹ وہ مہوشونکا وہ صحن چمن وہی | پیری مین یاد آتا ہی عالم شباب کا
بیباکی ہو تپاک ہو لطف کلام ہو | موقع نہین وصال مین جانان حجاب ہو
اوس بحر حسن نی جو کیا مجہ سی اجتناب | دریا نی بہی اولٹ دیا ساغر حباب کا
بلبل کا قول ہی در شبنم سی ای بہار | جاکر چمن مین بہر دی کٹورا گلاب کا
رکہی جو پانو چاند سی اوس شہسوار نی | رشک ہلال بنگیا حلقہ رکاب کا
پیر مغان کنشت کشی دیر و حرم مین ہون | تو ہی مجہی بتائیگا مسئلہ صواب کا

آئی بہار شور جو اپنی دکھائینگی
گو ای جنون اب آگیا موسم خضاب کا

رندون کو آج جام دئی نو نی جام جم
پیر مغان یہہ کام کیا ہی ثواب کا

مضمون نیا لکھا گل عارض کا جسکہ ہی
کاغذ کا صفحہ بنگیا تختہ گلاب کا

پہندی ہین اپنی پہانس لبا زلف یار نی
بس کچھہ نہ چل سکا دل خانہ خراب کا

سنتی ہین آج باغمین بلبل کی جان دی
شاید ہوا قلم کوئی تختہ گلاب کا

لفظون مین معنی ہوگئی پنہان حجاب سی
دیوانمین جب لکھا کوئی مضمون نقاب کا

ہنگام نزع لائی تشریف یا علی
مشہور فیض عام ہی شاہا جناب کا

ہون فرقتی غلام غلامان پنجتن
کیا خوف ہو لحد کی سوال و جواب کا

ردیف الباء

٣٢

لبریز میکدہ مین ہی پیمانہ شراب
آتی ہین جہوم جہوم کی مستانہ شراب

واعظ تمہارا حکم نمانینگی حشر تک
اوس شمع روسی پایا ہی پروانہ شراب

چہوڑینگی جام کو نہ عہد شباب مین
بچپن سی ہمکو بہاتی ہین افسانہ شراب

آئی تو اپنی موسم گل واعظا کہین
دستار تیری ہوگئی پیمانہ شراب

ساقی کی فیض عام کی ہر سو جو دہوم ہی
ہم ہی ہوئی ہین فرقتی مستانہ شراب

٣٣

جو بخت نو معین کری غذای شراب
نہ کسطرح سی بخہی پہر یہہ راس آئی شراب

مدام رہتا ہون بیہوش ہجر ساقی مین
پلاوی زہر کوئی دوستو بجای شراب

دلا نظر سی نہ کسطرح جام جم گرجای
ہماری سر پہ نگسار ہی ہمای شراب

یہہ سرد مہری ہی ساقی نصیب اوج ضمیر
کہ پانی دیتی ہو ہر وقت مین بجای شراب

نہ سر کا ہوش رہی ہووی طور کا عالم
جو دیکہہ پای کہین محتسب صہبای شراب

الست مین ہوا مخمور جسکو ہی امید
نہ کسطرح سی ہو زاہد تجہی ولای شراب

نہ چہوڑون مہیان کر دین وعظ واعظ پر
مگر اوٹہون لی تعظیم جبکہ آی شراب

بہانہ خلد لٹاتا ہی گرچہ زاہد عصر
سخی ہین اوسکہڑی سمجہون اگر لٹای شراب

ق

نہین ہی واعظ دشوار ترک دنیا کچہہ
ابہی تو چہوڑ لی اگر آشنای شراب

مین اوسکہڑی ہون ترا معتقد بصدق و صفا
تو چہوڑ دی تجہی چہٹی اگر پلای شراب

جو اسکی خلوت و جلوت سی منع کرتا ہی
بتا تو کچہہ ہی اری محتسب خطای شراب

خوشی سی روی فلک سرخ ہوتا ہی سر شام
سحر کو کرتی ہین جب مغبچی بنای شراب

دو ہائی دیتا ہی شیشہ کہڑا ہی جام خموش
فراق مین ہی ہوتا ہی ماجرای شراب

ترقی ہووی مرض کی نہ کسطرح ہر دم
دوا پلاتی ہین ای فرقتی بجای شراب

٣٤

ہوگئی ہی اسقدر گل پر جو شیدا عندلیب
ہمکو آتا ہی نظر کہائیگی پہندا عندلیب

اسقدر ہی تجہکو ای صیاد کیون بیم و ہراس
توڑ کی کنج قفس جائیگی کسجا عندلیب

یہہ تو کہہ گذریگی کیونکر تو کہان اور گل کہان
جہونپڑا گلچین لی گلشن مین چہپایا عندلیب

جہومتی پہرتی ہین شاخون پر ز راہ انبساط
مژدۂ گل تو نی کس قاصد سی پایا عندلیب

داستان کنج قفس کی اپنو کہتی ہی صدا
عشق گل صیاد لی تجہکو بہلایا عندلیب

تو پہنسی کیا قید مین دلی مین غنچی پہوٹ پہوٹ
ابر حسرت باغ مین ہر سو ہی چہایا عندلیب

کہتا ہی صیاد ترشی سی کرونگا تجہکو ذبح
ہر گہڑی نالون لی تیری مار ڈالا عندلیب

کیون شکایت کرتی ہی صیاد کی خاموش ہو
عشق مین ہوتا ہی اپنا ہی پرایا عندلیب

گل کو چہوڑی فرط غم سی ہاتہہ کانون پر کبہی
گوش دل سی میرا کر سن لی فسانا عندلیب

نالہای آتشین میری اگر سن پاوی وہ
بہول جاوی صحن گلشن مین ترانا عندلیب

تو اگر شیرین زبان ہی مین بہی ہون فرہاد دل
گل اگر ہی شمع روشن ہی پتنگا عندلیب

دیکہہ پاویگا کہین صیاد یہہ آتا ہی خوف
کرتی پہرتی ہی عبث گلشن مین دنگا عندلیب

شاخ گل مین کیا ہی دل ہلا کسی جا او رہی
گل تو باندہی کسلئی بیٹہی ہی گنڈا عندلیب

جور گلچین سی کہین بچتی ہی یہہ یاد رہی
باغکو انکہون سی تو لی گرچہ سینچا عندلیب

عاشقونکی فرد سی کٹ جائیگا چہرہ ترا
نالہ دلکش اگر سینہ سی کہینچا عندلیب

والی لیکر شوق مین ہر دم گل تسبیح سی
یاد کا اگل تری پڑہتی ہی کنٹہا عندلیب

یاد رکہنا نام کو گلچین نہ چہوڑیگا نشان
گاڑتی کیون صحن گلشن مین ہی جہنڈا عندلیب

اک سرسی آگ لگجای چمن مین فرقتی
سیکہہ لی گر نالہ سوزان ہمارا عندلیب

۳۵

گہر مین تری جو آتی ہی شام و بیگاہ دہوپ
کرتی ہی پیار تجہکو بلا اشتباہ دہوپ

کچہہ شک نہین یقین ہی کہ ہووی سیاہ رو دہوپ
دیکہی جو میرا داغ جگر اک نگاہ دہوپ

تاریکی فراق کی شاہد ہی تار شب
سوز تپ فراق کی اپنی گواہ دہوپ

ہمسی تو یہہ حیا ہی کہ منہ کو چہپای ہو
رہتی ہی روز آپسی کیون ہمنگاہ دہوپ

کوئی تب فراق مین اپنا نہین شریک
ہمسوز دہوپ رہتی ہی ہر گاہ گاہ دہوپ

یہہ لی سبب نہین ہی توقف زوال مین
تکتی ہی یہہ کہڑی کسی مہر رو کی راہ دہوپ

اوس غیرت قمر کا جو پاتی نہین سراغ
پہرتی ہی روز کیسی بحال تباہ دہوپ

فرماتی ہین یہ آپ نہین مجھکو اوس سی لاگ
پامال پہر یہہ ہوتی ہی کیون بیگناہ دہوپ

نکلین ہر ایک عضو سی جو شعلہای عشق
کیونکر نمانگی سایہ سی میری پناہ دہوپ

تکلتی ہی نہ نکال کی غرفہ سی ابر کے
کس آفتاب سی تکی ہی عاشق نگاہ دہوپ

ہو سایۂ علم مین شہ دین کی فرقتی
محشر مین اوس سی دور رہی یا الہ دہوپ

۳۶

بو جہ بہشت آتی ہین جور و جفا سی آپ
ای بت یہہ ظلم دیکھی ڈرئی خدا سی آپ

ہم بہی ہر ایک طور پہ سینہ سپر ہین جان
منہ پہیر لی کی گر نہین جور و جفا سی آپ

مینی کہا کہ مرتا ہون تمپر تو بولی وہ
مر جائیگا کیا کرون میری بلا سی آپ

لیجی یہہ میرا غنچۂ دل ای بہار حسن
شائق رہی ہین پہولونکی جانی صدا سی آپ

کرب و بلا کی عاشق صادق ہین ولسی ہم
ہمکو عبث ڈراتی ہین کرب و بلا سی آپ

ردیف | ای فرقتی یہہ خوب ہوا بس کہ مر گئی
لو چہٹگئی علائق دار فنا سی آپ | | تاء مثناۃ

۳۷

بیٹھی نہ ملکی پاس رہی ہم بہر تمام رات
زلفین بنائین بل پی سنگہر تمام رات

کچھہ بہی پتا ملا نہ ستمگر منام رات
ہم ڈہونڈہتی پہری تہی گہر گہر تمام رات

دانتونکی دہیان مین جو طبیعت لڑی رہی
پڑہتا رہا مین سبحۂ گوہر تمام رات

ساری حجاب ہوگئی ہجران وصال مین
زانو پہ اوس پری کی رہا سر تمام رات

ہر سو نہ گئی بدن سی نہ اوس گلبدن کی بو
سو یا بغل مین جب وہ سمن بر تمام رات

وہ آہ چاندنی مین نہ سویا تو ماہ چرخ
گنتا رہا فراق مین اختر تمام رات

زلفونکی بار بار کا شکوہ رہا خیال
کالی بلا رہی مری سر پر تمام رات

مجھہ سخت جانکا قتل جو منظور اونکو ہی
تلوار کو چٹایا ہی پتھر تمام رات

ہی کسکا داغ عشق بتاتا نہین کوئی
کیون ماہ چرخ پہرتا ہی دردر تمام رات

بلبل کی ایکبات نہ صیاد نی سنی
رویا ہزار طرحسی پی پر تمام رات

ابروی یار کا جو تصور بندہا ہمین
پہرتا رہا نگاہ مین خنجر تمام رات

بوس و کنار بہی نہ میسر ہوا ہمین
باتو نمین کہوئی ہای ستمگر تمام رات

بوسہ طلب کیا تہا بڑی بات کچھہ نتہی
بگڑی ذرا سی بات کو سنکر تمام رات

کوئی نہ دادرس ہوا بلبل کا قید مین
پر بستہ لوٹتا رہا پی پر تمام رات

مدتمین اونکو خواب مین دیکہا جو ایکبار
پڑہتا رہا فراق کا دفتر تمام رات

اوس مہ کی انتظار مین تاری گنا کیا
جہپکی نہین پلک مری دم بہر تمام رات

ساقی کا وصل ہوئیگا جس رات فرقتی
دور شراب ہوگا مقرر تمام رات

ردیف الثا

٣٨

دامن دل آب عصیانمین بہگوتا ہی عبث
ای دل نالان مرا بیڑا ڈبوتا ہی عبث

عاشق چاہ ذقن دل کہو کی روتا ہی عبث
آنسوونکی تارسی دامن کو دہوتا ہی عبث

ای دل نادان ہرا بہل آئیگا اس نخل سی
تخم عشق یار کا سینہ مین بوتا ہی عبث

جلد کہدی کوئی اونکی ابروی خمدار سی
عاشق صادق تمہارا قتل ہوتا ہی عبث

بحر امواج فنا کی موج آئی چونک ٹک
ای دل نادان لب دریا تو سوتا ہی عبث

دیکہہ پہندی مین پہنسیگا دل ترا اک خیجال ہی
عاشق زلف پری دنیا مین ہوتا ہی عبث

چہوڑ یہہ عشق مجازی کر حقیقت پر نظر
سبکی آنکہو مین سبک ہر بار ہوتا ہی عبث

سات پردونین ہی ای دل وہ نہین لڑنیکی انکہہ — گوہر اشک مسلسل کیون پروتا ہی عبث

ای دل ناداں اک شیرین دہنکی عشق مین — مثل فرہاد حزین کیون جان کہوتا ہی عبث

بج رہا ہی نہ یہ کوس رحلت عمر رواں — بیخبر ناداں کیون اسطرح سوتا ہی عبث

ہای بس اب اسسی چلکر زائر شبیر ہو
فرقتی رہکر یہان پر عمر کہوتا ہی عبث

۳۹

کونسا سانحہ درپیش ہوا کیا باعث — صحن گلشن مین نہین باد صبا کیا باعث

مجہہ سی ہتی ہو مری جان خفا کیا باعث — غیر ہی ہوتا ہی یہہ ناز و ادا کیا باعث

کیا کسی باغکو لوٹا ہی خزان نی بلبل — اندنون خاک اوڑاتی ہی صبا کیا باعث

خون کرنی کا ہوا حکم نہین کہلتا حال — ہمکو تجویز ہوئی کیون یہہ سزا کیا باعث

عارض و گیسوی جاناںکا کہین عشق ہوا — دل پریشان ہی کیون صبح و مسا کیا باعث

ہمنشین غیر ہین ہر وقت تری او بدعہد — ہمسی انکار ہی ملنی کا بتا کیا باعث

کیا کوئی غنچۂ دل کہل گیا عالم مین نسیم — نئی انداز کی چلتی ہی ہوا کیا باعث

نکہرالون کو مجہی رہتی ہی نشاط دل — پیچ مین ڈالتی ہی زلف دوتا کیا باعث

دل تپا ہی دولائی کو ہٹاؤ منہ سی — مہ رخسار پہ چہائی ہی گہٹا کیا باعث

سی ہی باتون مین بگڑتی رہی ہمسی شب وصل — ایک بوسہ ہی جو مانگا تو کہا کیا باعث

دل مین شرم کہان اور کہان انکا پردہ — منہ دوپٹہ سی چہپالی ہو بہلا کیا باعث

نہین ہوتی ہی سحر کیا شب فرقت ہی یہہ
فرقتی آج گجر کیون نہ بجا کیا باعث

ردیف الجیم

۴۰

ای صنم آباد کیجئی پہلوئی برباد آج
پہر حق حسن لیجئی ہر روز کی بربادی آج

جال ہٹکی پہرا دیتا ہی پہرتی ہین صیاد آج
کوڑی کوڑی کو بکینگی بلبل ناشاد آج

یا علی سن لیجئی للہ مری فریاد آج
میری دشمن ہو وین سب باغ الورہ برباد آج

باغ مین چلکر دکہاؤ قامت دلشاد آج
دیکہتا اوسی تلی وہ بجانینگی شمشاد آج

لاکہہ فریادی ہین وہ سنتی نہین فریاد آج
روز ہوتی تہین جفائین ہوتی ہی بیداد آج

کیا ہم عاشقی کو سر کیا ناشاد آج
آفرین دیتی ہی روح قیس اور فرہاد آج

زور پر ہی آمد فصل جنون ای وحشیو
طوق و زنجیرین بنائی ہین نئی حداد آج

اور تو نہ لین جفائین اب فنیبو سنی تپاک
یہ نئی انداز کا ظلم اوستم ایجاد آج

دیکہنا بازاریون کی خون ناحق ہوینگی
پان چباتی پہرتی ہین بازار مین جلاد آج

کل سی ہی گر اعتدال قامت رعنا مین فرق
سرو کو صدقی نہین کیجئی جان جان آزاد آج

روز تو وعدہ تہا لیکن اب جواب صاف ہی
پہلی تہی بیداد گر ٹہہری کہ جلاد آج

اسقدر ہی دریہم داغ جنون کا نہ شور
اشرفی کو ہاتہ آئینگی نہین فصاد آج

کل سی ہین ان شہر ان کوڑی ہم پہنچی نہین
منصب لازم ہی سند دینگی کرو امداد آج

دہ تو رنگین شکل ہی کل تک اوی نہین ہو تو ہی
دیکہین گر تصویر شیرین مانی و بہزاد آج

جان شیرین کس حلاوت سی گنوائی عشق مین
جان دینا میری بدلی ہوتا گر فرہاد آج

آج سودا بڑ گیا تہا وہم کل تک اسی جنون
ہمسر مجنون تہی پہلی ہو گئی اوستاد آج

موم سی ہم نرم ہی کل تک تیغ قاتل کی حضور
سخت جانی سی ہی آئینہ فولاد آج

آج تو تخت عدالت پر ذرا بیٹھو حضور
پچہلی بیدادونکی ہم کبہو نکرینگی یاد آج

ترغ اعدا مین تنہا ہی تمہارا فرق تھی

یا علیؑ مرتضیٰ کیجے مری امداد آج

ردیف الحاء

۱۴۱

گلزار میں کھلا ہی جو غنچہ دہن کی طرح ۔ کیا باغ باغ ہی دل بلبل چمن کیطرح

پھیلی ہوی ہی چار طرف بوی زلف یار ۔ مہکا ہوا ہی کوچہ جانان ختن کیطرح

سوسن کہیں ہی اور کہیں نرگس کہیں ہی گل ۔ گلزار کی اوڑائی ہی اوس گلبدن کی طرح

فصل گل آئی جب تو بتو نکا جما یہ رنگ ۔ زنار پہنا زاہدوں نی برہمن کی طرح

مار سیاہ زلف کو شب میں جو مس کیا ۔ ہاتھوں میں بدہیاں ہیں نشان رسن کیطرح

ہنسنی کا مسکرانی کا انداز ہی نیا ۔ سرخی ہی آشکار لبوں سی کرن کیطرح

سارا دماغ وصل میں رشک چمن بنا ۔ تھم تھم کی بوی زلف جو آئی دولہن کیطرح

افشان جماکی مانگ پہ جھومر لگایا ہی ۔ جانان نکالتی ہونئی بانکپن کیطرح

گلکاری باغبان کو سکھاتا ہون فرقتی
کیا خوب اوس نی مین کو کھلایا چمن کیطرح

۱۴۲

بلبلیں نی ولی نہیں اس دل ناشاد کیطرح ۔ سیکھہ لین ہمسی ذرا نالہ و فریاد کیطرح

کوئی ظالم جو نہیں اوس ستم ایجاد کیطرح ۔ نہیں مظلوم ہی کوئی دل ناشاد کیطرح

اوس گل تر کی محبت کا جو ہیں نام لیا ۔ کھل گیا دل کا چمن گلشن ایجاد کیطرح

ہیچ پر پیچ ہی پہنے ہمیں پھنسا رہتا ہون ۔ ہمکو جکڑا ہی تری زلف کی صیاد کیطرح

دم نکل جاتا ہی چلتا ہی گلی پر خنجر ۔ تیغ ابرو جو نظر آتی ہی جلاد کیطرح

دل اوسی سی ہو پیدا گری کرتی ہو ۔ جان جان نہ جتنی نکالی ہی نئی داد کیطرح

زور پر ہی دل وحشی کا جنون انروزون ۔ اوترا طوق بنہانی لگی حداد کی طرح

اِکدم کو بھی نہیں بھولتی ہی تیری یاد
آپ ہی آتی اےجان جہان یاد کیطرح

تو نہ آیا تو تصور نی ہماری دل کی
کھینچی تصویر تیری مانی و بہزاد کیطرح

کس طرح پہنچون تیری سایۂ دیوار تلک
غبار رہنی لگی آپ کی ہم[illegible] کیطرح

کیا بیان طبع صفا کی صفائی کا ہو
خوب ہی فرقتی یہ طبع سی ایجاد کیطرح

ردیف الخا

۴۳

رخسار ہین سرخ اور ہی اوس گل کا دہن سرخ
گویا کہ یہ خالق نی کہلایا ہی چمن سرخ

لعل لب جانان کا جو عاشق ہوا دل سے
اللہ ری جذبہ کہ ہوا لعل یمن سرخ

ان شرم کی عالم مین ہین سرخ انکہڑیان اوسکی
ہنگام سحر جیسی ہو سورج کا بدن سرخ

ہین سوسنی محرم مین کشتان گوشۂ پستان
بدلی مین نظر آتی ہی سورج کی کرن سرخ

مین سرخی پوشاک کا کشتہ ہون عزیزو
یہ تم سی وصیت ہی کہ ہو میرا کفن سرخ

اوس دست حنائی نی جو کی دست درازی
بس ایک سری سی نظر آنی لگا [illegible] سرخ

